**03.04.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شمیم احمد

**Music**

------------------------------

- ☆ پانچ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناوی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے پڈوچیری میں روڈ شو کیا۔
- ☆ 40 ممبروں پر مشتمل NIA کی ٹیم مغربی بنگال کے مالدہ میں پہنچ گئی ہے جو Kaliachak میں عدلیہ کے اہلکاروں کے گھیراؤ کے معاملے کی چھان بین کرے گی۔
- ☆ حکومت نے ایک بار پھر یقین دلایا ہے کہ ملک میں پیٹرول، ڈیزل اور LPG خاطر خواہ طور پر دستیاب ہے۔ اس نے شہریوں سے عجلت میں خریداری سے گریز کرنے کو کہا ہے۔
- ☆ مغربی ایشیا کے تنازع کا اب 35واں دن ہے اور امریکہ – اسرائیل اور ایران اب بھی ایک دوسرے پر حملے کر رہے ہیں۔
- ☆ دنیا بھر کے عیسائی مقدس دعاؤں اور مذہبی عبادتوں کے ساتھ Good Friday منا رہے ہیں۔
- ☆ ایشین باکسنگ چمپئن شپ میں بھارت کیلئے تین تمغے یقینی ہوگئے ہیں۔ اُس کی تین مکے باز نکہت زرّین، پریا اور پریتی پوارسیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔
- ☆ اور کھیلو انڈیا ٹرائیبل گیمز رائے پور میں ختم ہوگئے۔ سونے کے 23 تمغوں کے ساتھ کرناٹک چمپئن بن کر ابھرا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

## PM Puducherry Road Show

آسام، پڈوچیری، کیرالم، تمل ناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج شام پڈوچیری میں NDA امیدواروں کی حمایت میں ایک روڈ شو کیا۔ یہ روڈ شو اجنتا سگنل جنکشن سے شروع ہوکر راجا تھیٹر سگنل تک انّا سلائی کے ایک اعشاریہ دو کلو میٹر راستے پر مشتمل تھا جو 35 منٹ تک جاری رہا۔ وزیراعلیٰ این رنگا سامی، BJP کے ریاستی صدر وی راما لنگم اور وزیرداخلہ A.Namassivayam اِس روڈشو میں شامل تھے۔ روڈشو کے بعد وزیراعظم ہیلی کاپٹر سے چنئی کیلئے روانہ ہوگئے۔

## PM Keralam Visit

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی اسمبلی انتخابات کی مہم کیلئے کل کیرالم پہنچ رہے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Smithy M Palluruthy**

BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی اسمبلی انتخابات کی مہم کے ایک حصہ کے طور پر کل کیرالم پہنچیں گے۔ اس مدت کے دوران یہ ریاست کا اُن کا دوسرا سفر ہوگا۔ وہ کل دوپہر تین بجے تک Changanassery پہنچیں گے اور تھیروولّا میں NDA کے انتخابی جلسے میں شرکت کریں گے۔ بعد میں وہ تھیرونتھا پورم جائیں گے جہاں وہ Killippalam سے Karamana تک ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے۔ توقع ہے کہ وہ شام سات بجے دلّی واپس آجائیں گے۔
ادھر کانگریس کے سینئر لیڈر اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی Allahpuzha میں کل UDF کی انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔CPM کے جنرل سکریٹری ایم اے Baby کل Kottayam ضلعے میں LDF کے مختلف انتخابی پروگراموں میں حصہ لیں گے اور اتوار کو تھیرونتھا پورم ضلعے میں انتخابی مہم کریں گے۔
تھیرونتھا پورم سے Smithy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## TN Nomintion

BJP نے تمل ناڈو اسمبلی انتخابات کیلئے اپنے 27امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ اِس فہرست میں اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن، تلنگانہ اور پدوچیری کے سابق گورنر ڈاکٹر تمیلی سائی سُندر راجن اور ریاستی BJP سربراہ نائنار ناگیندرن شامل ہیں۔ کانگریس نے بھی تمل ناڈو اسمبلی کی 28سیٹوں کیلئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آخری دن پیر ہے اور چار اسمبلی حلقوں میں BJP اور کانگریس کے درمیان سیدھا مقابلہ ہے۔ اِن حلقوں میں Colachel،Vilavancode ، Aranthangi اور Ooty شامل ہے۔ تمل ناڈو میں 23اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## EC Paid Holiday

انتخابی کمیشن نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ آسام، کیرالم، پڈوچیری، تمل ناڈو اور مغربی بنگال میں آنے والے اسمبلی انتخابات میں ووٹنگ کے دن، ووٹروں کو Paid Holiday دی جائے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ روزانہ اجرت اور کیژوئل ورکروں سمیت تمام اہل ووٹروں کو Paid Holiday دی جائے اور اُن کی اجرت میں کوئی کمی نہ کی جائے۔ اس حکم نامے کی خلاف ورزی کرنے والے آجروں کو جرمانوں کا سامنا کرنا ہوگا۔ اس میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے کی سرکاروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اِس پر سختی سے عمل آوری کیلئے تمام متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کریں۔x

## MALDA NIA

قومی تحقیقاتی ایجنسی (NIA) کی 40 ممبران پر مشتمل ایک ٹیم، مغربی بنگال کے مالدہ ضلع میں پہنچ گئی ہے۔ یہ ٹیم گزشتہ ہفتہ Kaliachak-II بلاک ڈیولپمنٹ آفس میں سات عدالتی افسران کو گھیرے جانے کے معاملے کی تحقیقات کرے گی۔

اتھارٹی نے کہا کہ اس تحقیقات میں افسران پر ہوئے حملے کی جانچ بھی کی جائے گی۔ یہ حملہ اس وقت ہوا تھا جب مرکزی افواج اُن کو بچانے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس سے قبل مغربی بنگال پولیس نے دو افراد کو گرفتار کیا تھا جن میں سات عدالتی افسران کا گھیراؤ کرنے کا منصوبہ بنانے والا شخص بھی شامل ہے، اُسے Siliguri کے Bagdogra ہوائی اڈے سے گرفتار کیا گیا۔ ×

## Jan Vishwas Health

پارلیمنٹ نے ملک میں قوانین کے نفاذ میں بڑی تبدیلیاں لانے والے جَن وشواس ترمیمی بل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل کا مقصد غیر ضروری جرمانوں کو کم کرتے ہوئے اور ضابطوں میں آسانی پیدا کرتے ہوئے شہریوں اور کاروبار کیلئے زندگی کو آسان بنانا ہے۔ یہ بل، اعتماد پر مبنی حکمرانی فریم ورک کو فروغ دینے اور انفرادی لوگوں اور کاروبار پر تعمیل کے بوجھ کو کم کرتے ہوئے متناسب ضابطوں کو یقینی بنانے کے تئیں حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ x

## Sonowal Port

ملک میں بندرگاہوں سے متعلق ترقیات کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے بندرگاہ، جہازرانی اور آبی راستوں کے وزیر سربانند سونووال نے گجرات کی دین دیال پورٹ اتھارٹی میں بندرگاہوں کے ایک اہم کنکٹی ویٹی پروجیکٹ کو منظوری دی ہے، جس پر تقریباً 132 کروڑ روپئے خرچ ہوں گے۔ جناب سونووال نے کہا کہ بندرگاہ پر روڈ اوور برج کی تعمیر سے تنگ راستوں سے گزرنے سے نجات ملے گی، سازوسامان کی نقل وحمل میں بہتری آئے گی اور بھارت کی لاجسٹکس صلاحیت مستحکم ہوگی۔x

## Jaishankar Manturov Meeting

روس کے پہلے نائب وزیر اعظم ڈینس Manturov کا آج بھارت کا دو روزہ دورہ ختم ہوا۔ اپنے دورے کے دوران جناب Manturov نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے باہمی میٹنگ کی۔ انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سے بھی ملاقات کی اور وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال سے بھی میٹنگیں کیں۔ وزارتِ خارجہ نے اطلاع دی ہے کہ دونوں ملکوں نے تجارت، صنعت، توانائی، کیمیاوی کھاد، کنکٹی ویٹی اور موبیلٹی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کئی اہم موضوعات پر تبادلۂ خیال کیا جس میں ٹیکنالوجی، اختراعات اور اہم معدنیات میں نئے مواقع تلاش کرنے کی جستجو شامل ہے۔x

## Duty Exemption

Pharmexil کے چیئرمین Namit جوشی نے کئی اہم پیٹروکیمیکل مصنوعات کو کسٹمز ڈیوٹی کو مستثنیٰ کیئے جانے کے حکومت کے فیصلے کا خیرمقدم کیا ہے۔ جناب جوشی نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کے اقدامات ملک میں استعمال اور برآمدات دونوں ہی کیلئے دواؤں کی بلارکاوٹ سپلائی کو یقینی بنانے کیلئے بیحد اہمیت کے حامل ہیں۔

**S/B Namit Joshi**

## West Asia Brief

حکومت نے یقین دلایا ہے کہ وہ ملک میں پیٹرول، ڈیزل اور LPG کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوششیں کر رہی ہے۔ حکومت نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پیٹرول اور ڈیزل کی گھبراہٹ میں خریداری سے گریز کریں اور LPG کی غیر ضروری بکنگ نہ کریں۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کے سکریٹری نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں اور پرنسپل سکریٹریوں کے ساتھ ہوئی میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس دوران انہوں نے ایندھن فراہمی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور خاطر خواہ دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے کیے جارہے اقدامات کو اجاگر کیا۔میٹنگ کے دوران ریاستوں کو ہدایت دی گئی کہ وہ خصوصاً گھریلو استعمال اور ضروری کاموں کیلئے LPG کی تقسیم کو ترجیح دیں۔ اس کے علاوہ ذخیرہ اندوزی، LPG کو Divert کرنے اور گمراہ کن معلومات پر سخت نگرانی رکھیں۔x

## Eve West Asia conflict

مغربی ایشیا میں جاری جنگ کے 35ویں دن آج ایران نے پورے مغربی ایشیا میں کئی مقامات کو نشانہ بنایا ہے، جبکہ امریکہ اور اسرائیلی فضائی حملوں میں اسلامی جمہوریہ ایران کے مختلف مقامات پر بمباری کی گئی۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملوں نے ایران کی اسٹیل پیداوار کی صلاحیت کو تقریباً 70فیصد تباہ کر دیا ہے۔ نتن یاہو نے اِسے بہت بڑی کامیابی قرار دیا، جس سے ایران کے اسلامی پاسدارانِ انقلاب کیلئے دستیاب وسائل میں کمی آجائے گی۔دوسری جانب ایران کی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے آج صبح سویرے اُردن اور کویت میں ڈرون حملوں کے ذریعے امریکی معاون فوجی مراکز کو نشانہ بنایا ہے۔ ایران کی فوج نے اِن حملوں کو ایران کے بنیادی ڈھانچے پر ہوئے حالیہ امریکی حملوں کا جواب قرار دیا ہے۔ اِن حملوں اور جوابی حملوں سے پورے مغربی ایشیا میں کشیدگی کے برقرار رہنے کے اشارے ملتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے مغربی ایشیا کے نامہ نگار سے.........

**VC Vinod Kumar**

کویت میں بجلی اور پینے کے پانی کو صاف کرنے کے مراکز پر حملے کے بعد ساز و سامان کے نقصان کی خبر ہے۔ ہنگامی حالات سے متعلق اقدامات کیے گئے۔ کویت، پینے کے پانی

کی 90فیصد ضرورت کو پورا کرنے کیلئے پانی کو صاف کرنے کے اِن مراکز پر انحصار کرتا ہے، جس سے یہ مراکز قومی سپلائی کیلئے بے حد اہم ہوجاتے ہیں۔ اس دوران ایران نے کویت کے بجلی اور پینے کے پانی کو صاف کرنے کے مراکز پر حملوں کی خبر کو مسترد کیا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ضمیر رضوی

اس دوران متحدہ عرب امارات کے ابوظہبی میں ADNOC کے حبشان گیس مراکز میں کام کاج اُس وقت معطل کر دیا گیا، جب ہوا میں ناکام کیے گئے خطرے سے گرے ملبے سے اِس مقام پر آگ لگ گئی۔ اس دوران GCC ممالک کے درمیان تناؤ مزید بڑھ گیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کے فضائی دفاعی نظام نے آج ایران کی جانب سے داغی گئی 18بیلسٹک میزائلوں، چار کروز میزائلوں اور 47ڈرونز کو ناکارہ کیا۔ دوسری جانب آبنائے ہرمز میں بحری سلامتی سے متعلق معاملے سے نمٹنے کیلئے بحرین کی جانب سے پیش کی گئی قرار داد کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل جائزہ لے گی۔ x

## Goa Good Friday

آج بھارت بھر میں اور دنیا بھر Good Friday منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر خصوصی دعائیں کی جارہی ہیں اور مذہبی سروسز کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جنوبی گوا میں پورے مذہبی جوش وخروش کے Good Friday منایا گیا اور عقیدتمندوں نے روایتی رسم و رواج اور دعاؤں کے ساتھ یسوع مسیح کے مصلوب کئے جانے کو یاد کیا۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.....

**VC Mahesh Chopade**

مرگاؤں میں عقیدتمندوں نے Good Friday کی مقدس عبادتوں میں حصہ لیا۔ یہ یسوع مسیح کی قربانی کے موقع پر منایا جاتا ہے جو عیسائیوں کے عقیدے کے مطابق انسانیت کو سیدھا راستہ دکھانے کیلئے مصلوب کئے گئے۔ رسم ورواج کے ایک حصے کے طور پر جنوبی گوا کے گرجا گھروں میں مصلوب کئے جانے کے عمل کو Enact کرکے دکھایا گیا۔ مرگاؤں کے Monte Hill Chapel میں Parish Priest Father Orland Valadares کی موجودگی میں خصوصی دعائیں اور تقریبات منعقد ہوئیں۔ تقریباً 25میٹر کی اونچائی والی ایک بہت بڑی صلیب کو اِن تقریبات کے دوران استعمال کیا گیا جہاں یسوع مسیح کی شبیہ کو علامتی طور پر رکھا گیا تھا اور جسے دیکھنے کیلئے سیکڑوں عقیدتمند موجود تھے۔Benaulim اور جنوبی گوا کے دیگر حصے میں بھی اِسی طرح Good Friday منایا گیا۔

پنجی سے مہیش Chopade کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

میزورم میں گرجا گھروں میں کل شام سے خصوصی سروسز ہو رہی ہیں جس میں Holy Communion شامل ہے۔ تریپورہ میں یہ دن سکیورٹی انتظامات کے تحت سکوت اور مراقبہ کے ساتھ منایا گیا۔ کیرالم میں گرجا گھروں میں دعائیں کی گئیں اور اس موقع پر تھیرونتھاپورم میں بڑی تعداد میں لوگ جمع ہوئے۔x

## Puduchery Constituencies

آنے والے اسمبلی انتخابات کیلئے حلقوں سے متعلق معلومات بہم پہنچانے کی ہماری سیریز میں آج ہم مرکز کے زیر انتظام پڈوچیری میں واقع کرائیکل ساؤتھ اسمبلی حلقے پر نظر کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Bibin S Nath**

جنوبی کرائکل میں ووٹروں کی کُل تعداد 30ہزار 115ہے، جن میں 13ہزار 986مرد ووٹر ہیں، 16ہزار 128خواتین رائے دہندگان ہیں جبکہ ایک ووٹر Transgender ہے۔ اس اسمبلی حلقہ میں 35انتخابی مراکز ہیں۔ 2021میں ہوئے اسمبلی انتخابات میں DMK کے A.M.H. Nazim بارہ ہزار 34ووٹوں کے فرق سے چنے گئے تھے۔ انہیں 71اعشاریہ ایک–پانچ فیصد ووٹ ملے تھے۔ ان انتخابات میں موجودہ ایم ایل اے A.M.H. Nazin کا مقابلہ BJP کے امیدوار M. Arul Murugan اور انڈین نیشنل کانگریس کے امیدوار AVS Sakthivel Prabee سے ہوگا۔ AIADMK کے سابق ایم ایل اے A.V. Assana جو گزشتہ انتخابات میں دوسرے مقام پر رہے تھے۔ اس مرتبہ Tamilaga Vetri Kazhagam پارٹی امیدوار کے طور پر انتخابات لڑ رہے ہیں۔ اس اسمبلی حلقہ میں جو مسائل نمایاں ہیں، ان میں پینے کے پانی کی قلت اور نمکین پانی کی آمیزش، بنیادی ڈھانچہ کی ترقی، ماہی گیروں کی تشویشات، ساحلی مٹّی کا کٹاؤ اور طوفانی موسم کے دوران سیلاب کے مسائل شامل ہیں۔
پدوچیری سے Bibin S. Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اصغر علی

## Asian Boxing Championship

ایشین باکسنگ چمپئن شپ 2026میں بھارت کو تین تمغے ملنا یقینی ہوگیا ہے کیونکہ بھارتی خواتین مکے باز نکہت زرّین، پریا اور پریتی پوار نے آج Ulaanbaatar میں اپنے اپنے مقابلوں میں شاندار جیت حاصل کی اور سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ نکہت زرّین نے 51 کلو گرام کے زمرے میں کوارٹر فائنل میں فلپینز کی Zian Baguhin کو ہرایا۔ اب اُن کا سیمی فائنل میں مقابلہ چین کی Wu Yu سے ہوگا۔ 60 کلو گرام کے زمرے میں پریا نے چین کی Chengyu Yang کو چار–ایک سے ہرایا، جبکہ 54 کلو گرام کے زمرے میں پریتی پوار نے منگولیا کی Enkhjargal کو پانچ–صفر سے ہرایا۔x

## Chattisgarh Khelo India

چھتیس گڑھ میں، جاری کھیلو انڈیا قبائلی کھیل آج اختتام پزیر ہوئے۔ آج شام منعقد ہوئی اختتامی تقریب میں چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ Vishnu Deo Sai نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ بین الاقوامی مکّے باز Marykomاور فٹبالر Baichung Bhutia نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔ تمغہ حاصل کرنے والی

ریاستوں میں کرناٹک سرِفہرست رہا جس نے سونے کے 23، چاندی کے 8اور کانسے کے 7تمغے حاصل کئے۔ سونے کے 21، چاندی کے 15اور کانسے کے 21تمغے حاصل کرکے اڈیشہ دوسرے مقام پر رہا، جبکہ سونے کے 16، چاندی کے 8اور کانسے کے 11تمغے حاصل کرکے جھارکھنڈ نے تیسرا مقام حاصل کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆